شمالی علاقہ جات کو پاکستان کا صوبہ بنانے کی تجویز بھی سامنے آتی رہی ہے، مصنف کے خیال میں یہ قطعی عاقبت نااندیشانہ اقدام ہوگا۔ اس سے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے مؤقف کو نقصان پہنچے گا اور بھارت اس سے فائدہ اٹھائے گا۔

موضوع سے متعلق بعض اہم دستاویزات اور معاہدوں وغیرہ کا متن بھی شامل کتاب ہے۔ مجموعی طور پر یہ ایک قابلِ قدر علمی کاوش ہے۔ (ر - ہ)

الموسوعة القضاية [رسولؐ اللہ کے فیصلے]، تدوین: ریسرچ کمیٹی فلاح فاؤنڈیشن، اُردو ترجمہ: ابوبکر صدیق، نظرثانی: ڈاکٹر سہیل حسن۔ فلاح فاؤنڈیشن پاکستان۔ ناشر: خالد بک ڈپو۔ تقسیم کنندگان: کتاب سرائے، پہلی منزل، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ مجلاتی سائز، صفحات: ۵۶۲۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔

سیرتِ رسولؐ اور حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایک بحرِ ذخّار ہے۔ اس ذخیرے کی وسعتوں سے کماحقہ استفادہ کرنے میں، خود انسان کی اپنی کم مائیگی رکاوٹ بنتی رہی ہے۔ دو سال قبل مسلم اہل علم و دانش کی ایک عالمی کانفرنس لاہور میں منعقد ہوئی تھی، اس قاموسی کام کا محرک وہی کانفرنس بنی۔

سیرت و حدیث کے ذخیرے میں رسولؐ رحمت کے فیصلوں اور ان فیصلوں کی حکمتوں پر بہت سے افراد نے مختلف اوقات میں کام کیا ہے۔ یہ کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ کتاب دیکھیں تو اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ اس میں ایک ہی فیصلے سے متعلق مختلف کتب سے ایک ایک ارشاد نبویؐ کو چن کر مربوط پیراگراف بنانے کے لیے مولف نے بہت محنت کی ہے۔ شاید اسی لیے کتاب اس دعوے کے ساتھ پیش کی گئی ہے: ''اسلامی عدالتوں کے فیصلوں پر مبنی انسائی کلوپیڈیا'' ---کتاب میں سب سے پہلے ایک ایک موضوع پر عدالتی فیصلوں کے بنیادی نکات درج کیے گئے ہیں اور پھر ان نکات کو متعلقہ احادیث (مع حوالہ جات) سے مرصع کیا گیا ہے۔

آیندہ ایڈیشن لانے سے قبل کتاب کے پورے متن، خصوصاً بنیادی نکات کو مزید باریک بینی سے مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔ کیوں کہ کتاب میں ترجمے اور پروف کی غلطیاں